
# 5


# جمع اور تفریق کا استعمال


رحیم سمجھتا ہے کہ جمع اور تفریق میں قریبی تعلق ہے کیا آپ ذیل کے سوالات حل کرنے میں رحیم کی مدد کریں گے؟





© SCERT not to be republished

یہاں پر رحیم نے پہلے تفریق کی اور بعد میں جمع







## کوشش کیجیے


.1 مثال پڑھیے صحیح عدد کو دائرہ میں لکھیے۔




(A)




(B)




© SCERT not to be republished

## یہ کیجیے

1. ذیل میں دیئے گئے اعداد کی ترتیب پر غور کیجیے اور خالی جگہوں کو مناسب اعداد سے پر کیجیے۔

(A) 100, 200, 300, 400 ____, ____, ____, ____

(B) 900, 800, 700, ____, ____, ____, 300, ____

(C) 50, 100, 150, ____, ____, ____, 350, ____

(D) 650, 600, 550, ____, ____, ____, 350, ____


(E) 25, 50, 75, 100, ____, ____, ____, ____

(F) 750, 725, 700, 675, ____, ____, ____, ____

(G) 800, 790, 780, ____, ____, ____, 740, ____

(H) 653, 638, 623, ____, ____, ____, ____, ____

2. رضیہ کے پاس 16 پنسل اور ساجدہ کے پاس 7 پنسل ہیں ان دونوں میں کا کے پاس کم ہیں؟ اور کتنے کم ہیں؟



3. کسی دکاندار یا اپنے والدین سے معلوم کیجیے۔




ایک کیلو شکر کی قیمت : ____





ایک کیلو نمک کی قیمت : ____

کس کی قیمت زیادہ ہے؟

کتنی قیمت زیادہ ہے؟

© SCERT not to be republished

4. سلیم اسکول میں رنگین چارٹس فروخت کرتا ہے۔ ذیل کے جدول کے لحاظ سے اس نے دو دنوں میں لال، نیلے اور سفید چارٹس فروخت کیے




| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| 30 | 69 | 82 | پہلے دن فروخت کیے گئے چارٹس |
| 49 | 25 | 74 | دوسرے دن فروخت کیے گئے چارٹس |

**اوپر کے جدول پر غور کیجیے اور ذیل کے سوالات کے جوابات دیجیے۔**

(A) سلیم نے دو دنوں میں کتنے لال چارٹس فروخت کیے؟

(B) کیا اس نے دو دنوں میں سفید چارٹس سے زیادہ نیلے چارٹس فروخت کیے؟

(C) اس نے دوسرے دن کتنے لال اور نیلے چارٹس فروخت کیے؟
صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

100 سے زیادہ ____________ 100 سے کم ____________

(D) اس نے پہلے دن کتنے نیلے اور سفید چارٹس فروخت کئے؟
صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

150 سے زیادہ ____________ 150 سے کم ____________

5. شاکرہ کے پاس 125 روپے ہیں اس کی ماں نے اس کو مزید کچھ روپے دیئے اب شاکرہ کے پاس جملہ 275 روپے ہیں تو بتائیے کہ شاکرہ کی ماں نے اس کو کتنے روپے دیئے؟

6. صدیقہ کے پاس چند کتابیں ہیں۔ اس کے بھائی نے اس کو مزید 136 کتابیں دیں۔ اب اس کے پاس جملہ 245 کتابیں ہیں۔ صدیقہ کے پاس پہلے سے کتنی کتابیں موجود تھیں؟

7. ایک روزہ کرکٹ میاچ میں، ہندوستان نے 326 رنس بنائے۔ سری لنکا نے ہندوستان سے 179 رنس کم بنائے۔ سری لنکا نے کتنے رنس بنائے؟

8. علیم کے پاس 235 کھلونے ہیں۔ ندیم کے پاس علیم سے 26 کھلونے زیادہ ہیں۔ ندیم کے پاس جملہ کتنے کھلونے ہیں

9. عمران نے دو دن میں 320 کیلومیٹر کا سفر طے کیا۔ اس نے پہلے دن 175 کیلومیٹر کا سفر کیا۔ بتائیے کہ اس نے دوسرے دن کتنے کیلومیٹر کا سفر طئے کیا؟

© SCERT not to be republished

## کیا آپ جمع اور تفریق کے سوالات تیار کر سکتے ہیں؟

ریاض اور حامد ایک دوکان کو گئے۔ وہ کچھ چیزیں خریدنا چاہتے تھے انہوں نے اشیاء کی قیمتیں دیکھی جو ذیل میں دی گئی ہیں؟




حامد نے ٹوتھ برش اور ٹوتھ پیسٹ خریدا۔ وہ اس کے مسئلے کو اس طرح پیش کیا۔

ٹوتھ برش کی قیمت 17 روپے ہے ٹوتھ پیسٹ کی قیمت 25 روپے ہے دونوں کی جملہ قیمت کیا ہوگی؟


ریاض نے صابن اور بسکٹ کا پیکٹ خریدا۔ اس نے اپنے مسئلے کو اس طرح پیش کیا۔

صابن کی قیمت 22 روپیے ۔ بسکٹ کے پیکٹ کی قیمت 12 روپیے ۔ بسکٹ کے پیکٹ کی قیمت سے صابن کی قیمت کتنی زیادہ ہے؟

### کوشش کیجیے


1. ذیل میں دی گئی معلومات سے آپ بھی اس طرح کے سوالات تیار کیجیے۔

(A) جمع کے سوالات بنائیے۔





© SCERT not to be republished

B. جمع کے سوالات بنائیے۔





C. تفریق کے سوالات بنائیے۔




© SCERT not to be republished

D. تفریق کے سوالات بنائیے۔




گروپس میں منقسم ہوکر بحث ومباحثہ کے ذریعہ مزید جمع اور تفریق کے سوالات بنائیے۔


یہ کتاب حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے